پریس ریلیز

نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "ویژن اینڈ پراگریس کانفرنس" کا انعقاد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کیا گیا جس میں پولیس کے اعلیٰ افسران اور دیگر افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس میں گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نمائندگی سینئر نائب صدر سعد جمیل عرفانی، نائب صدر فیصل ستار مغل اور ایگزیکٹو ممبران شہزاد اسلم انصاری، عدیل بخاری، یاسر عثمان اور عادل جمیل بٹ نے کی۔

ایونٹ کا بنیادی مقصد نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے جاری اور مستقبل کے منصوبوں سے شرکاء کو آگاہ کرنا اور فاؤنڈیشن کے ویژن، شفافیت، ترقی اور سہولیات کے نظام کو مزید بہتر بنانا تھا۔ ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کے مطابق، این پی ایف کے افسران نے مختلف پراجیکٹس سے متعلق جامع بریفنگز دیں۔ ڈائریکٹر ایڈمن/ ہاؤسنگ سید علی محسن، ڈائریکٹر ایجوکیشن، ڈائریکٹر فنانس، ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور دیگر شعبہ جات کے افسران نے فاؤنڈیشن کے مختلف منصوبوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

شرکاء نے این پی ایف کے ترقیاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے ادارے کے ویژن کو پولیس افسران اور عوام کے لیے امید کی نئی کرن قرار دیا۔

Press Release

The “Vision and Progress Conference” organized by the National Police Foundation (NPF) was held at the Gujranwala Chamber of Commerce & Industry (GCCI), where a large number of senior police officials and officers participated.

The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry was represented by Senior Vice President Mr. Saad Jamil Irfani, Vice President Mr. Faisal Sattar Mughal, and Executive Committee Members Mr. Shahzad Aslam Ansari, Mr. Adeel Bukhari, Mr. Yasir Usman, and Mr. Adil Jamil Butt.

The primary objective of the conference was to brief participants on the ongoing and upcoming projects of the National Police Foundation, and to further enhance the organization’s vision, transparency, development, and service structure.

Under the special directives of MD National Police Foundation Syed Ali Nasir Rizvi, senior NPF officers delivered comprehensive briefings on various projects. Director Admin/Housing Syed Ali Mohsin, Director Education, Director Finance, Director Marketing, and other departmental heads provided detailed insights into their respective initiatives.

Participants appreciated NPF’s development efforts, describing the foundation’s vision as a new ray of hope for both police officers and the general public.